# غزہ میں "خاموش قتل عام" کیا جا رہا ہے: فلسطین وزارتِ صحت

## اسرائیلی فوجی غزہ میں بچوں پر ویڈیو گیم کی طرح گولیاں برسا رہے ہیں، برطانوی ڈاکٹر کا ہولناک انکشاف

## مسئلہ فلسطین پر ہمارا موقف بدستور برقرار ہے، الزامات بے بنیاد ہیں: ترکیہ






غزہ، 21 جولائی (یو این آئی) فلسطین وزارت صحت نے کہا ہے کہ اسرائیل اکتوبر 2023 سے زیر محاصرہ غزہ میں انسانی امداد کا داخلہ روکے ہوئے ہے۔ علاقے میں بھوک اور غذائی قلت کے نتیجے میں 76 بچوں سمیت کم از کم 86 فلسطینی ہلاک ہو چکے ہیں۔ وزارت صحت نے بروز اتوار جاری کردہ تحریری بیان میں زیر محاصرہ علاقے میں انسانی بحران کو 'خاموش قتل عام' قرار دیا اور کہا ہے کہ غزہ میں بھوک اور غذائی قلت کی وجہ سے 76 بچوں سمیت 86 افراد کی موت واقع ہو چکی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل اور بین الاقوامی برادری غزہ میں انسانی حالات کی خرابی کے ذمہ دار ہیں۔ گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران غزہ میں کم از کم 18 افراد بھوک سے ہلاک ہو گئے ہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ خوراک اور ادویات کے داخلے کے لیے سرحدی گزرگاہوں کو فوری طور پر کھولا جائے۔ واضح رہے کہ 2 مارچ سے اسرائیل نے غزہ کے ساتھ تمام سرحدی گزرگاہیں بند کر رکھی ہیں جس کی وجہ سے انسانی امداد تک رسائی نہیں ہو پا رہی۔ اس صورتحال نے بھوک کے پھیلاؤ کو مزید تیز کر دیا ہے۔ اسرائیل، غزہ میں جاری نسل کشی حملوں میں زیادہ تر عورتوں اور بچوں پر مشتمل تقریباً 59 ہزار فلسطینیوں کو قتل کر چکا ہے۔ فلسطین کی سرکاری خبر رساں ایجنسی وفا کے مطابق اندازاً تقریباً 11 ہزار فلسطینی تباہ شدہ گھروں کے ملبے تلے دبے ہوئے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ غزہ میں حکام کی جانب سے رپورٹ کیے گئے اعداد و شمار حقیقت کی عکاسی نہیں کرتے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہلاکتوں کی اصل تعداد دو لاکھ کے قریب ہو سکتی ہے۔ حملوں کے دوران اسرائیل نے غزہ کے بیشتر حصے کو ملبے میں تبدیل کر دیا اور علاقے کی تقریباً پوری آبادی کو بے گھر کر دیا ہے۔ گذشتہ سال نومبر میں بین الاقوامی فوجداری عدالت نے غزہ میں جنگی جرائم اور انسانیت سوز جرائم پر اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو اور اس وقت کے وزیر دفاع یواو گیلنٹ کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔ عالمی عدالتِ انصاف میں بھی، غزہ جنگ میں نسل کشی کے الزام میں، اسرائیل کے خلاف مقدمہ چل رہا ہے۔

برطانوی ڈاکٹر نے ہولناک انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی فوجی غزہ میں بچوں پر ویڈیو گیم کی طرح گولیاں برسا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسرائیل کی غزہ پر وحشیانہ بمباری گزشتہ روز بھی جاری رہی، مزید ایک سو سولہ افراد شہید ہو گئے، جن میں امداد کے منتظر اڑتیس فلسطینی بھی شامل ہیں۔ غزہ میں برطانوی ڈاکٹر نے ہولناک انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی فوجی امدادی مراکز میں بچوں پر گولیاں چلا رہے ہیں، ہفتے کے دنوں کے لحاظ سے جسم کے مختلف حصوں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ خان یونس کے ناصر اسپتال میں کام کرنے والے سرجن پروفیسر نک مینارڈ نے بتایا میں نے اور میرے ساتھیوں نے بچوں کے جسموں پر زخموں کے واضح نشان دیکھے ہیں، جن میں مختلف دنوں میں جسم کے کچھ حصوں جیسے سر، ٹانگیں یا دیگر اعضا کو نشانہ بنایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک دن سب بچوں کے پیٹ میں گولی لگنے کے زخم ہوں گے، دوسرے دن سب کے سر پر یا گردن پر گولیوں کے زخم ہوں گے، اگلے دن بازوؤں یا ٹانگوں پر گولیوں کے زخم ہوں گے، یہ ایسا ہی ہے جیسے کوئی کھیل کھیلا جا رہا ہو، کہ وہ آج سر، کل گردن، پرسوں جسم کے نازک اعضا کو گولی مارنے کا فیصلہ کر رہے ہیں۔ خیال رہے قابض فوج نے شمالی غزہ میں امداد کے منتظر فلسطینیوں پر کئی پونڈ وزنی بم برسائے اور ان پر ٹینکوں سے اندھا دھند گولیاں چلائیں۔ خان یونس میں بھی اسرائیلی حملے میں سات افراد شہید ہوئے، جن میں پانچ سال کا بچہ بھی شامل ہے۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ اسرائیلی فوج نے براہ راست فائرنگ کی، غزہ میں داخل ہونے والے اقوام متحدہ کے امدادی قافلے پر بھی فائرنگ کی گئی۔ ورلڈ فوڈ پروگرام کا کہنا ہے پچیس ٹرکوں پر مشتمل قافلہ جیسے ہی اسرائیل سے داخل ہوا تو اسے شدید فائرنگ کا سامنا کرنا پڑا۔ غزہ کا محاصرہ بدستور جاری ہے، امدادی ٹرکوں کو داخلے کی اجازت نہیں دی جا رہی۔ فلسطینی وزارتِ صحت کا کہنا ہے گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں غزہ میں بھوک سے اٹھارہ افراد نے دم توڑ دیا، ان میں نومولود سمیت دو بچے بھی شامل ہیں۔

ترکیہ وزارت خارجہ نے مسئلہ فلسطین پر ترکیہ کے موقف سے متعلق تازہ ترین الزامات کو مسترد کیا، انہیں مکمل طور پر بے بنیاد قرار دیا اور کہا ہے کہ یہ الزامات، عوام کو گمراہ کرنے کی، سیاسی کوشش ہیں۔ بروز اتوار جاری کردہ بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ترکیہ کی فلسطین پالیسیوں ※ سے متعلق حالیہ الزامات حقائق کے بالکل برعکس ہیں۔ ہم سیاسی مقاصد کی خاطر، فلسطینیوں کے لئے ترکیہ کی حمایت کو بدنام کرنے اور عوام کو گمراہ کرنے کی ان کوششوں کو مسترد کرتے ہیں۔ بیان میں وزارت خارجہ نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ترکیہ مسئلہ فلسطین پر "قانون اور انصاف کے حق میں آزادانہ پالیسی" پر عمل پیرا ہے۔ ترکیہ، غزہ پر اسرائیلی حملوں کے خلاف سخت ترین ردعمل ظاہر کرنے والے ممالک میں شامل ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ غزہ میں اسرائیل کی جانب سے جاری نسل کشی جرائم پر ترکیہ سخت ردعمل کا اظہار کرتا چلا آ رہا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اسرائیلی سیاستدانوں کا ہر موقع پر ترکیہ کو نشانہ بنانا اس کی فلسطین پالیسی کی درستگی کو ثابت کر رہا ہے۔ غلط معلومات کے دعووں کے برعکس، ترکیہ نے بوگوٹا میں منظور کردہ مشترکہ اعلامیے میں درج سفارشات سے کہیں زیادہ فیصلے کیے اور ان پر عمل بھی کیا ہے۔ ترکیہ نے مئی 2024 میں اسرائیل کے ساتھ تجارت کو مکمل طور پر منقطع کر دیا تھا اور اس فیصلے پر عمل کے دوران اپنے فلسطینی بہن بھائیوں کو منفی اثرات سے بچانے کی کوشش کی گئی ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ترکیہ نے، اسرائیل کے ہاتھ تمام عسکری فروخت کو روکنے کے لئے، ہر ممکن اقدامات اٹھائے ہیں۔ یہی نہیں اسرائیل کو اسلحے کی فراہمی روکنے کے لئے، ابتداء میں 52 ممالک کی حمایت کی حامل بین الاقوامی کوششوں کے آغاز میں بھی قائدانہ کردار ادا کیا جن میں اقوام متحدہ کاروائی کا آغاز بھی شامل ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہم میڈلین جہاز کے ساتھ صورتحال کا بغور جائزہ لے رہے ہیں اور بین الاقوامی پانیوں میں اسرائیل کی "غیر قانونی مداخلت" کی مذمت کرتے ہیں۔ جہاز میں سوار ترک شہریوں کی رہائی کے لئے تمام ضروری سفارتی اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ ترکیہ وزارت خارجہ نے بیان میں غزہ سے فلسطینیوں کی جبری نقل مکانی سے متعلقہ تمام منصوبوں کی مخالفت کا اعادہ کیا اور کہا ہے کہ ہم غزہ کی تعمیر نو کے لئے عرب لیگ اور اسلامی تعاون تنظیم کے مشترکہ منصوبے کی اور جبری نقل مکانی منصوبوں کے خلاف دیگر بین الاقوامی کوششوں کی حمایت کا اعادہ کرتے ہیں۔ قانونی میدان کے حوالے سے اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ ترکیہ ان 13 ممالک میں سے ایک ہے جنہوں نے بین الاقوامی عدالت انصاف میں اسرائیل کے خلاف نسل کشی کے مقدمے میں باضابطہ طور پر حصہ لیا ہے۔ ہم نے عدالت میں دو الگ الگ مشاورتی عمل میں حصہ لیا۔ ترکیہ اسرائیلی افواج کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے عائشہ نور ایزگی ایگی کے لئے انصاف کی تلاش جاری رکھے ہوئے ہے۔ امریکہ کے محکمہ مہاجرت و کسٹم کی طرف سے حراست میں لی جانے والی ترک شہری رومیسا اوزترک کی رہائی کے لئے بھی شروع سے ہی ضروری سفارتی تعاون فراہم کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہم، ترکیہ کی انصاف کے لیے جاری جدوجہد کے بارے میں کسی بھی دباؤ اور بدنامی کی مہم کو مؤثر نہیں ہونے دیں گے۔ ہم، بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کے اصولوں پر کوئی سمجھوتہ کیے بغیر فلسطین کا ساتھ دیتے رہیں گے۔

## ایک اور اسرائیلی فوجی نے اپنے جان لے لی



تل ابیب، 21 جولائی (یو این آئی) غزہ جنگ کے بعد شدید ذہنی دباؤ اور نفسیاتی مسائل سے دوچار اسرائیلی فوجی اپنی زندگیوں کا خاتمہ کرنے لگے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ ایک اور فوجی نے خودکشی کی ہے جو گزشتہ دو ہفتوں میں ایسا کرنے والا چوتھا فوجی ہے۔ فوج کے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ناروے سے تعلق رکھنے والے ایک فوجی ڈین فلپسن نے منگل کے روز جنوبی اسرائیل میں ایک تربیتی اڈے پر خود کو گولی ماری اور وہ اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق سال کے آغاز سے اب تک 19 اور غزہ پر اسرائیل کی جنگ شروع ہونے کے بعد سے 42 فوجی خودکشی کر چکے ہیں۔

## اقوام متحدہ کی ثانوی دفتری زبانوں میں اردو سمیت دیگر 27 زبانوں کی شمولیت



اقوام متحدہ، جولائی 21 (یو این آئی) اقوام متحدہ کی ثانوی دفتری زبانوں میں اردو سمیت دیگر 27 زبانوں کی شمولیت ہو گئی ہے، جنرل اسمبلی کے متن کا اردو ترجمہ رئیس وارثی نے جنرل اسمبلی کے صدر کو پیش کیا۔ جنرل اسمبلی کے صدر ایچ ای فیلمن یانگ نے اپنی صدارت کے دوران کثیر اللسانی ثقافت کو اپنی مرکزی ترجیح بنایا ہے۔ کئی رکن ممالک نے مستقبل کے معاہدے کے ترجمے میں مدد دینے میں پہل کی، جو خود جامع اور شمولیتی حکمرانی کو اہمیت دیتا ہے۔ یہ معاہدہ اب نہ صرف اقوام متحدہ کی چھ سرکاری زبانوں میں دستیاب ہے، بلکہ 27 دیگر زبانوں میں بھی موجود ہے۔ 17 جولائی کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر یانگ نے ایک اجلاس کی میزبانی کی تاکہ رکن ممالک اور دیگر اداروں کا شکریہ ادا کیا جا سکے جنہوں نے اقوام متحدہ کی رسمی زبانوں میں ترجمہ کرنے میں مدد فراہم کی۔ پاکستانی مشن نے اقوام متحدہ میں اردو مرکز نیویارک کے صدر رئیس وارثی کے ساتھ مل کر اردو اور سندھی زبانوں میں ترجمے کیے، اقوام متحدہ میں پاکستان کے ڈپٹی ایمبیسڈر عثمان جدون اور اردو مرکز نیویارک کے صدر رئیس وارثی نے اس تقریب میں ان ترجموں کی دستاویزات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر کو پیش کیں۔ اس تناظر میں، جنرل اسمبلی کے صدر نے اپنی دفتر میں کثیر اللسانی ثقافت کے فروغ کے لیے ایک ٹاسک فورس قائم کی اور جنرل اسمبلی کے 79 ویں سیشن کے لیے کثیر اللسانی ثقافت پر ایک عملدرآمد منصوبہ شروع کیا۔ اسطرح اب 5.3 ارب سے زیادہ لوگوں کی مادری زبانوں میں یہ پڑھا جا سکتا ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے ڈپٹی ایمبیسڈر عثمان جدون اور اردو مرکز نیویارک کے صدر رئیس وارثی نے اس تقریب میں ان ترجموں کی دستاویزات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر کو پیش کیں۔ تقریب میں پاکستان یوکرین ویتنام، ہندوستان، بنگلہ دیش اور یورپی یونین سمیت دیگر ممالک کے سفیروں نے بھی شرکت کی۔

## نیتن یاہو کی شام سے متعلق پالیسیوں پر امریکی حکام میں بے چینی میں اضافہ



واشنگٹن، 21 جولائی (یو این آئی) کچھ وائٹ ہاؤس عہدیدار نیتن یاہو کی بڑھتی جارحیت پر تنقید کر رہے ہیں، اور ایک عہدیدار نے کہا، "وہ باولا ہو گیا ہے، ہر جگہ بمباری کر رہا ہے۔" خبر میں ایک عہدیدار نے خبردار کیا کہ نیتن یاہو کے اقدامات امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی شام میں کوششوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں اور ان کی نیک نیتی کو ختم کر سکتے ہیں۔ ایک اور امریکی عہدیدار نے کہا، "شام میں بمباری صدر اور وائٹ ہاؤس کے لیے ایک غیر متوقع کاروائی تھا۔ صدر ایسے ملک میں جہاں امن قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، وہاں ٹی وی پر بمباری دیکھ کر خوش نہیں ہوتے۔" ایک سینئر عہدیدار نے بتایا کہ گزشتہ ہفتے غزہ میں ایک چرچ پر بمباری کے بعد ٹرمپ نے نیتن یاہو کو فون کر کے وضاحت طلب کی تھی۔ عہدیداروں نے کہا کہ ٹرمپ کے حلقے میں نیتن یاہو کے بارے میں شک بڑھ رہا ہے اور اسے کبھی کبھار کسی شرارتی بچے کی طرح سمجھا جاتا ہے۔ عہدیداروں نے بتایا کہ واشنگٹن نیتن یاہو اور اس کی علاقائی پالیسیوں کے بارے میں چوکس حالت میں ہے۔ ٹرمپ نے اب تک نیتن یاہو کی اعلانیہ تنقید سے گریز کیا ہے، تاہم یہ واضح نہیں کہ ان کے مشیران بھی اسی طرح کی تشویش رکھتے ہیں یا نہیں۔ اسرائیلی اور امریکی عہدیداروں نے اس خبر پر کوئی ردعمل نہیں ظاہر نہیں کیا۔ جھڑپیں 13 جولائی کو شام کے جنوبی علاقے السویداء میں شروع ہوئیں، جہاں بدوی عرب قبائل اور مسلح دُرزی گروہوں کے درمیان جھڑپیں ہوئیں۔ اسرائیل نے جھڑپوں کے بڑھنے پر دمشق میں شام کی فوجی چوکیوں اور انفراسٹرکچر پر فضائی حملے کیے۔ اسرائیل نے یہ حملے دُرزی طبقے کی حفاظت کے لیے کیے جانے کا جواز پیش کیا۔ تاہم شام میں زیادہ تر دُرزی رہنماؤں نے کسی بھی غیر ملکی مداخلت کو مسترد کرتے ہوئے متحدہ شام کے ساتھ وفاداری کا اعادہ کیا ہے۔

## غزہ میں دم توڑتی انسانیت، بھوک کی سنگین صورتحال



غزہ (ایجنسی) قابض فوج کے محاصرے کے باعث غزہ کی پٹی میں المیہ رونما ہو رہا ہے اور آئے دن متعدد فلسطینی شہید ہو رہے ہیں۔ غزہ میں فلسطینی وزارت صحت نے اعلان کیا ہے کہ طبی عملہ اور مریض دن میں ایک وقت کا کھانا بھی نہیں کھاتے ہیں جس سے ان کی خدمات کو انجام دینے کی قوت جواب دے گئی ہے اور بھوک کی وجہ سے اموات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ فلسطینی صحافی ناهض حجاج نے بھی ایک پیغام میں غزہ کی پٹی میں بھوک کی سنگین صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ہم سب مر رہے ہیں۔ انہوں نے سوشل نیٹ ورک ایکس پر ایک پیغام میں لکھا کہ اگر ہم صحافی اب خبروں کی کوریج نہیں کرتے ہیں تو حیران نہ ہوں۔ حجاج نے بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ یقین کیجیے میں آج بھوک سے نہیں اٹھ سکا، کھانا نہیں ہے، اگر کسی کے پاس پیسے ہوں تب بھی بازار میں خریدنے کے لیے کچھ نہیں ہے۔ دریں اثناء غزہ کی پٹی میں فلسطینی حکومت کے میڈیا آفس نے ایک بیان میں عالمی برادری، دنیا کے تمام ممالک، بین الاقوامی اور انسانی حقوق کی تنظیموں اور سیاسی اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ براہ راست اور حقیقی نگرانی کے ساتھ غزہ کی پٹی میں خوراک اور ادویات کی منتقلی کے لیے محفوظ اور مستقل راستے کھولیں اور قابض حکومت کی جانب سے کسی بھی تخریب کاری کو روکیں۔ بیان میں اس بات پر زور دیا گیا کہ انسانی امداد کسی بھی سیاسی کھیل اور قابضین یا ان کے ایجنٹوں کے کنٹرول سے پاک ہونی چاہیے۔

## ٹرمپ نے براک اوباما کی گرفتاری اور جیل بھیجنے کا ویڈیو کیا پوسٹ

### اے آئی ویڈیو پر سوالات کی بوچھار



واشنگٹن (ایجنسی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک AI ویڈیو پوسٹ کی ہے۔ اس پوسٹ میں سابق امریکی صدر براک اوباما کو ایف بی آئی کے ہاتھوں گرفتار ہوتے دکھایا گیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں ہے۔ ٹرمپ کی جانب سے سوشل ویب سائٹ ٹروتھ سوشل پر پوسٹ کی گئی یہ ویڈیو اوباما کے یہ کہتے ہوئے شروع ہوتی ہے کہ، خاص طور پر صدر قانون سے بالاتر ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پیر کو AI سے تیار کردہ ایک ویڈیو جاری کی۔ اس میں وفاقی بیورو آف انویسٹی گیشن (ایف بی آئی) کو سابق صدر براک اوباما کو وائٹ ہاؤس میں گرفتار کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ اس جعلی ویڈیو میں سابق صدر جو بائیڈن سمیت کئی امریکی سیاست دان یہ کہتے ہوئے نظر آ رہے ہیں کہ کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں ہے۔ اس ویڈیو میں ٹرمپ اور اوباما کو اوول آفس میں دکھایا گیا ہے۔ وہاں سے، اوباما کو ایف بی آئی نے گرفتار کر لیا۔ ویڈیو کا اختتام براک اوباما کے ساتھ ہوتا ہے، نارنجی رنگ کے لباس میں ملبوس، جیل کی کوٹھری میں بند ہیں۔ امریکی نیشنل انٹیلی جنس کی ڈائریکٹر گبارڈ نے دعویٰ کیا ہے کہ 114 صفحات پر مشتمل انتہائی ترمیم شدہ ای میلز سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ سابق صدر براک اوباما کی قومی سلامتی کی کابینہ نے یہ اندازہ لگانے کے لیے جعلی اور ہیرا پھیری سے متعلق انٹیلی جنس کا استعمال کیا کہ روس ڈونلڈ ٹرمپ کو الیکشن جتانا چاہتا ہے۔ گبارڈ نے ایکس پر لکھا، ان کا مقصد صدر ٹرمپ کو اقتدار سے ہٹانا اور امریکی عوام کی مرضی کو کچلنا تھا۔ خواہ کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو، اس سازش میں ملوث ہر فرد کی تفتیش ہونی چاہیے۔

### کسی بھی حال میں ایران نہ جائیں! ٹرمپ انتظامیہ کی نئی ہدایت

واشنگٹن، 21 جولائی (یو این آئی) ایران اور اسرائیل کی جنگ میں امریکہ کی مداخلت کے بعد دونوں ممالک میں شدید تناؤ کے پیش نظر ٹرمپ انتظامیہ نے نئی ہدایت جاری کی ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی بڑھتی جا رہی ہے، اسی تناظر میں امریکہ نے اپنے شہریوں کو ایران کا سفر نہ کرنے کا مشورہ دیا ہے اور سفر سے متعلق نئی ایڈوائزری جاری کی ہے، امریکہ نے زور دیتے ہوئے اپنے شہریوں کو کسی بھی حالت میں ایران کا سفر نہ کرنے کا کہا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے قونصلیٹ دفتر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری پیغام میں لکھا کہ "امریکہ کے شہریوں کو کسی طور پر بھی ایران نہیں جانا چاہیے۔ ایران میں امریکی شہریوں کو بغیر کسی تنبیہ اور جرم کا کوئی ثبوت دیے بغیر اغوا کیا گیا اور غلط طریقے سے گرفتار کیا گیا۔ سفارتخانے نے مزید کہا کہ گرفتار کیے گئے لوگوں میں دوہری شہریت (امریکی-ایرانی) رکھنے والے افراد بھی شامل ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ نے لکھا کہ "کچھ افراد کو جھوٹے الزامات میں سالوں تک قید رکھا گیا، ذہنی اذیتیں دی گئیں اور یہاں تک کہ موت کی سزا بھی سنائی گئی ہے۔

## پاکستان: بلوچستان میں غیرت کے نام پر قتل کا دلخراش واقعہ




بلوچستان (ایجنسی) پاکستان کے صوبے بلوچستان میں غیرت کے نام پر قتل سے متعلق جو ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے، اس ویڈیو میں ظاہر ہونے والے بعض افراد مقامی براہوی زبان میں بات کر رہے تھے۔ تاہم متاثرہ خاندانوں میں سے اب تک کسی بھی فرد نے انتظامیہ سے رابطہ نہیں کیا ہے۔ قتل ہونے والی خاتون کی عمر 30 سال کے قریب بتائی گئی ہے، جسے اس کے شوہر سمیت سرخ رنگ کی ایک گاڑی سے مسلح افراد نیچے اتار کر ایک پہاڑی علاقے میں فائرنگ کر کے قتل کر دیتے ہیں۔ غیرت کے نام پر قتل کے اس واقعے سے متعلق ریاستی وزیر اعلیٰ کی ایما پر دہشت گردی کے تحت ایک مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کہتے ہیں کہ اس کیس میں ریاست خود فریق بننے جا رہی ہے۔ کوئٹہ میں جاری کئے گئے بیان میں انہوں نے کہا، "ابتدائی تحقیقات میں اس واقعے کے مقام کی نشاندہی ہو گئی ہے۔ نادرا کی مدد سے ویڈیو میں ظاہر ہونے والے افراد کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ اب تک ایک ملوث ملزم کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ مقتولین کی لاشیں تا حال برآمد نہیں ہو سکی ہیں۔ اس معاملے میں انصاف یقینی بنانے کے لیے حکومت کوئی سیاسی یا قبائلی دباؤ قبول نہیں کرے گی۔" کوئٹہ میں تعینات ایک سینئر سکیورٹی اہلکار عبدالجبار بلوچ کہتے ہیں کہ جس پہاڑی علاقے میں اس جوڑے کو قتل کیا گیا ہے وہ صوبے کا ایک دور افتادہ نواحی علاقہ ہے اور ملزمان کی گاڑیوں کا ڈیٹا بھی ایکسائز کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ڈوئچے ویلے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا، "قتل کے اس واقعے کے حوالے سے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ مقتولین مقامی بلوچ ہیں۔ تحقیقات کے دوران کیس میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جس کی روشنی میں روپوش ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی کی جا رہی ہے۔" جبار بلوچ کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں رائج قبائلی نظام کی وجہ سے اکثر اوقات غیرت کے نام پر پیش آنے والے اس نوعیت کے واقعات میں متاثرین معاشرتی روایات اور دباؤ کی وجہ سے انصاف سے محروم رہ جاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا، "کوئی رسم یا روایت اس طرح کے واقعات کو جائز قرار نہیں دے سکتی۔ اس افسوسناک واقعے میں جو عناصر ملوث ہیں انہیں بہت جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ ایسے سفاکانہ واقعات انسانی وقار اور معاشرتی اقدار کی توہین ہیں، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ کوئٹہ میں مقیم انسانی حقوق کی کارکن سمیرا بلوچ کہتی ہیں کہ جب تک ہم غیرت کے نام پر قتل کو روایتی مسئلہ سمجھتے رہیں گے تب تک ہر پسند کی شادی کرنے والا جوڑا خوف کے سائے میں جیتا رہے گا۔ ڈوئچے ویلے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا، "اس طرح کے افسوسناک واقعات بلوچستان کے قبائلی معاشرے میں ماضی میں بھی تسلسل کے ساتھ پیش آتے رہے ہیں۔ حکومتی دعوے اور اعلانات اپنی جگہ لیکن ان واقعات کے جو پس پردہ اصل محرکات ہیں ان پر کوئی توجہ نہیں دی جاتی۔ جامع قانون سازی نہ ہونے کی وجہ سے معاشرتی اقتدار اور ناموس کا تصور اکثر اوقات لوگوں کو خاندان کی عزت بچانے کے نام پر قاتل بنا دیتے ہیں۔ غیرت کے نام پر قتل کی کئی دیگر وجوہات بھی ہیں، جن کو کبھی زیر غور نہیں لایا جاتا۔ پسند کی شادی کو بغاوت تصور کرنے کا یہ رجحان اس جدید دور میں آج بھی کم ہونے کے بجائے فروغ پا رہا ہے۔ سمیرا بلوچ کا کہنا تھا کہ ملک میں غیرت کے نام پر قتل کے واقعات کو روکنے کے لیے قانون موجودہ ہے لیکن اس پر بہت کم عمل درآمد ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ ان کے بقول، "یہاں کئی عدالتی فیصلوں میں بھی اس طرح کے واقعات کو غیر قانونی اور غیر اسلامی قرار دیا جا چکا ہے لیکن فرسودہ روایات کی وجہ سے متاثرہ خاندان ایسے واقعات پر اکثر اوقات قانونی کارروائی کے بجائے خاموش اختیار کر لیتے ہیں۔" یونیورسل ہیومن رائٹس آرگنائزیشن کے سینئر عہدیدار عبدالقیوم خان کہتے ہیں کہ ملکی قانون کسی طور پر یہ جواز فراہم نہیں کرتا کہ کوئی اپنی بہن، بیٹی یا بیوی کو اپنی مرضی سے شادی کرنے پر جان سے مار دے۔ ڈوئچے ویلے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا، "دیکھیں بلوچستان میں اس طرح کے واقعات کا تسلسل کے ساتھ رونما ہونا قانون کی عملداری پر یقیناً کئی سوالات اٹھاتا ہے۔ قبائلی دباؤ، اس بوسیدہ نظام میں انصاف کا گلا گھونٹ رہی ہے۔ پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 302 کے تحت غیرت کے نام پر قتل، قتل عمد کے زمرے میں آتا ہے۔ 2016 کے ترمیم شدہ کریمنل لاء کے تحت اگر مقتول کے ورثاء ملزمان کو معاف بھی کر دیں تب بھی عدالت ریاست کی جانب سے ملزمان کو سزا دے سکتی ہے۔ اس معاملے میں مؤثر تحفظ اور بر وقت انصاف یقینی بنانے کے لیے حکومت کو ترجیحی

## یورپی ٹرائیکا کو اسنیپ بیک مکانیزم کو فعال کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں؛ ایرانی وزیر خارجہ



تہران (ایجنسی): ایران کے وزیر خارجہ عراقچی نے اتوار کی رات ایک ایکس پوسٹ میں بتایا کہ انہوں نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریش، سلامتی کونسل کے سربراہ اور یورپی یونین کی نمائندہ کایا کالاس کو خط لکھا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ برطانیہ، فرانس اور جرمنی نے ایٹمی معاہدے کی کبھی پابندی کی ہی نہیں جواب اس کی بنیاد پر ایران کے ایٹمی پروگرام کا معاملہ سلامتی کونسل میں لانا چاہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قانونی، سیاسی اور اخلاقی لحاظ سے ان ممالک کو اسنیپ بیک مکانیزم کو فعال کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ یورپی ٹرائیکا نے اپنے اقدامات اور بیانات اور اسی طرح سیاسی اور مادی طریقے سے امریکہ اور صیہونی حکومت کی فوجی جارحیت کی حمایت بھی کی جو کہ ایٹمی معاہدے کے اصولوں کی کھلے عام نفی ہوتی ہے۔ سید عباس عراقچی نے کہا کہ یہ تین ممالک مسلسل اور طویل عرصے سے جے سی پی او اے کی خلاف ورزی کرتے آ رہے ہیں۔

## جاپان: ہار کے بعد بھی وزیر اعظم کا عہدے پر برقرار رہنے کا عزم

جاپان۔ (ایجنسی)۔ جاپان کے سرکاری ٹیلی ویژن این ایچ کے کا کہنا ہے کہ ملک کے وزیر اعظم شگیرو ایشیبا کا حکمران اتحاد اتوار کے روز ہونے والے پارلیمان کے ایوان بالا کی 248 نشستوں کے انتخابات میں اکثریت حاصل کرنے میں ناکام رہا۔ جاپانی وزیر اعظم ایشیبا کی لبرل ڈیموکریٹک پارٹی (ایل ڈی پی) گزشتہ اکتوبر میں ہونے والے قبل از وقت الیکشن کے بعد سے ایوان زیریں میں پہلے سے ہی اقلیت میں ہے اور اسے مہنگائی، سیاسی اسکینڈلز اور امیگریشن مخالف جذبات میں اضافے پر عوامی بے چینی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ایل ڈی پی اور اس کے جونیئر پارٹنر کومیتو کو ان کے پاس پہلے سے موجود 75 سیٹوں کے علاوہ 125 میں سے 50 سیٹیں جیتنے کی ضرورت تھی۔ تاہم وہ صرف 46 سیٹیں ہی جیت سکے۔ حالیہ برسوں میں اس طرح کی انتخابی شکست کے بعد عام طور پر وزراء اعظم نے استعفیٰ سونپا ہے۔ تاہم، اشیبا نے بڑھتے ہوئے ٹیرفس کے درمیان امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدہ کرنے کے مشکل حالات میں جاپان کی قیادت کرنے کا عزم کیا ہے۔ انہوں نے ایک پریس کانفرنس کے دوران کہا: ہم امریکہ کے ساتھ انتہائی نازک ٹیرفس مذاکرات میں مصروف ہیں ۔۔۔۔ ہمیں ان مذاکرات کو کبھی بھی خراب نہیں کرنا چاہیے۔" واضح رہے کہ یہ نقصان ایشیبا کے اتحاد کے لیے ایک اور دھچکا ہے، جو اکتوبر میں ایوان زیریں کے انتخابات میں شکست کے بعد اب دونوں ایوانوں میں اقلیت میں ہے۔ سن 1955 میں پارٹی کے قیام کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ ایل ڈی پی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اکثریت کھو چکی ہے۔ انتخابات میں خراب کارکردگی فوری طور پر حکومت کی تبدیلی کی وجہ بھی نہیں بنے گی، کیونکہ ایوان بالا میں کسی بھی رہنما کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کرنے کی طاقت نہیں ہے۔ البتہ برقرار رہنے کے اپنے عزم کے باوجود، اشیبا کو اپنی پارٹی کے اندر سے استعفیٰ دینے یا کسی اور اتحادی ساتھی تلاش کرنے کے مطالبات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ کووڈ انیس کی وبا کے دوران ویکسینیشن اور عالمی اشرافیہ کے بارے میں سازشی نظریات پھیلانے کے بعد اب یہ پارٹی جاپانی پہلے" پر بیان بازی اور امیگریشن، عالمگیریت اور غیر ملکی سرمائے پر تنقید کے ساتھ زور پکڑتی جا رہی ہے۔ توقع ہے سنسیتو ایوان بالا کی 14 نشستیں جیت لے گی، خاص طور پر نوجوان مرد ووٹروں سے اپیل کے ساتھ۔ اسٹیبلشمنٹ مخالف موقف اور سوشل میڈیا تک رسائی کے لیے اس جماعت کے رہنما سوہی کامیا کا موازنہ ٹرمپ اور جرمنی کی اے ایف ڈی سے کیا جا رہا ہے۔

## انصار اللہ یمن اپنے بنائے ہوئے ہتھیاروں سے لڑ رہے ہیں



یمن (ایجنسی) ایران میں انصار اللہ یمن کے خصوصی نمائندے احمد الامام نے 20 جولائی کو ایک پریس کانفرنس میں خطے کی موجودہ صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں سب سے پہلے ایران کو 12 روزہ جنگ میں فتح پر مبارکباد پیش کروں گا۔ ارنا کے نامہ نگار کے اس سوال کے جواب میں کہ مزاحمتی محور کا ایک مضبوط عنصر دیسی ہتھیاروں کی تیاری میں خود کفیل ہونا ہے، جب کہ امریکہ نے ایک بار پھر ایران پر یمن میں ہتھیار بھیجنے کا الزام لگایا ہے، لہٰذا یمن کے دیسی ہتھیاروں کے بارے میں کچھ بتائیں، انہوں نے کہا کہ خدا کی مدد سے، ہم نے انصار اللہ کے صنعا میں داخل ہونے اور یمن پر سعودی عرب کے حملوں سے قبل ہی دیسی ہتھیاروں کی تیاری شروع کر دی تھی۔ یمنی عوام پر محاصرے کے اثرات کے بارے میں احمد الامام نے کہا کہ یمنی عوام زراعت میں خود کفیل ہیں اور یمنی عوام کو سب سے زیادہ نقصان میڈیسن کے شعبے میں پہنچا ہے۔ اس سوال کے جواب میں کہ آج لبنان اور عراق میں مزاحمتی قوتوں کو غیر مسلح کرنے کی بات ہو رہی ہے اور بعض لوگ یمن کے لیے بھی ایسا کہہ سکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ یمن میں ہتھیاروں کو ختم کرنا ناممکن ہے، تمام یمنیوں کے پاس ہتھیار موجود ہیں، اور یہ ہرگز فوج سے مخصوص نہیں ہے۔

